106462- عورتوں کا نماز تراویح کے لیے بچوں سمیت مسجد جانا

سوال

عورتوں کا بچوں کو لے کر نماز تراویح کے لیے مساجد میں جانے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

" عورتوں کو بچوں سمیت رمضان المبارک میں مساجد میں آنے سے منع نہیں کیا جائیگا، کیونکہ سنت نبویہ سے ثابت ہے کہ عورتیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں بھی مساجد میں آتی اوران کے ساتھ بچے بھی ہوتے تھے .

حدیث میں وارد ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

" میں نماز شروع کرتا ہوں تو میرا ارادہ ہوتا ہے کہ نماز لمبی پڑھاؤں، لیکن میں بچے کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو اپنی نماز مختصر کر دیتا ہوں، کیونکہ مجھے علم ہے کہ بچہ رونے کی بنا پر اس کی ماں بہت پریشان ہوتی ہے "

اور ایک حدیث میں وارد ہے کہ :

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نواسی امامۃ رضی اللہ تعالی عنہا کو گود میں اٹھا کر مسجد میں فرضی نماز کی امامت فرمائی "

لیکن عورتوں کو چاہیے کہ وہ مساجد کی صفائی کا خیال کریں اور وہاں بچوں کے سونے وغیرہ کی حالت میں ان کی نجاست سے احتراز کریں " انتہی .